AQF / Fazil

07-01-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کی ترقی میں متوسط طبقے کے کردار کی تعریف کی ہے اور کہا ہے کہ اُن کی اُمنگیں ملک کی ترقی کیلئے سب سے مضبوط بنیاد ہیں۔

2- RBI آج مالی سال 2025 کی اپنی چھٹی اور آخری ہر دو ماہ کے بعد ہونے والی مالی پالیسی کے فیصلے کا اعلان کرے گا۔

3- حکومت نے کہا ہے کہ ملازمین کے پروویڈینٹ فنڈ کی تنظیم EPFO نے مالی سال 2024-25 میں 5 کروڑ سے زیادہ دعووں کو نمٹاتے ہوئے ایک اہم سنگِ میل عبور کیا ہے۔

4- بھارت نے، بنگلہ دیش میں شر پسندوں کی جانب سے شیخ مجیب الرحمٰن کی رہائش گاہ پر حملے کی سخت مذمت کی ہے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بین الاقوامی فوجداری عدالت کی جانب سے امریکہ اور اسرائیل کو نشانہ بنانے کا الزام لگاتے ہوئے اس ادارے پر پابندیاں عائد کر دی ہیں۔

6- چین کے شہر Harbin میں آج موسم سرما کے نویں ایشیائی کھیل کود مقابلے شروع ہو رہے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

RS MOTION OF THANKS

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کی ترقی میں متوسط طبقے کے کردار کی ستائش کی ہے اور کہا ہے کہ اُن کی اُمنگیں ملک کی ترقی کو نئی جہت دے رہی ہیں۔ کل راجیہ سبھا میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک کے سلسلے میں بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم نے متوسط طبقے کے ہاتھوں میں زیادہ رقم دے کر اُنہیں بااختیار بنانے کے حکومت کے فیصلے کو اُجاگر کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک میں ایک نیا متوسط طبقہ اُبھر کر سامنے آیا ہے اور اُن کی حکومت اس نئے متوسط طبقے کے لیے مضبوط ارادوں کے ساتھ پوری طرح کھڑی ہے۔

کانگریس پر تنقید کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ حکمرانی کا 'سب کا ساتھ سب کا وِکاس' کا ماڈل پوری پارٹی کی حیثیت سے کانگریس کی سمجھ سے باہر ہے اور کانگریس پارٹی ایک کنبے کے لیے وقف ہے۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ BJP کی قیادت میں NDA حکومت کا ترقی کا ماڈل ملک پہلے ہے، جو خوشامدانہ پالیسی کے بجائے اطمینان پر توجہ دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے اُن کی حکومت کے ترقی کے ماڈل 'ملک اوّل' کی حمایت کی ہے، اُسے سمجھا ہے اور اُس کو آزمایہ ہے۔ اس لیے عوام نے اُن کی حکومت کو تیسری مرتبہ بھی مینڈیٹ دیا ہے۔ وزیر اعظم کے جواب کے بعد ایوانِ بالا نے صدر کے خطبے پر شکریہ کی تحریک کو منظور کر لیا اور صورتی رائے دہی کے ذریعے اپوزیشن کے بہت سے ارکانِ پارلیمنٹ کی ترمیمات کو ردّ کر دیا۔×

## RBI MPC MEETING

بھارت کا ریزرو بینک، RBI آج اپنی اقتصادی پالیسی کمیٹی، MPC میٹنگ کے فیصلے کا اعلان کرے گا۔ تقریباً پانچ سال کے وقفے کے بعد سود کی شرحوں میں صفر اعشاریہ دو پانچ فیصد کی متوقع کٹوتی کی قیاس آرائیوں کے دوران یہ پیش رفت ہورہی ہے۔ پہلی MPC میٹنگ کی صدارت کرنے والے RBI کے نئے گورنر سنجے ملہوترہ، آج صبح 6 رُکنی پینل کے فیصلے کا اعلان کرسکتے ہیں۔ تین دن تک چلنے والی MPC میٹنگ کا بدھ کے روز آغاز ہوا تھا۔ بھارت کے ایسوسی ایٹڈ چیمبرس آف کامرس اور انڈسٹریز، ایسوچیم نے گزشتہ روز کہا کہ شرح سود میں کٹوتی سے بینکنگ نظام میں مزید روانی آئے گی اور اقتصادی شعبے میں تصرف کی بازیابی ہوگی۔×

## MANDAVIYA-EPFO

ملازمین کے پروویڈینٹ فنڈ کی تنظیم، EPFO نے مالی سال 2024-25 کے دوران پانچ کروڑ سے زیادہ دعوؤں کو نمٹاتے ہوئے اہم سنگ میل عبور کیا ہے۔ محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کل یہ اعلان کیا۔ جناب مانڈویا کے مطابق یہ گزشتہ سال نمٹائے گئے چار کروڑ 45 لاکھ دعوؤں کی تعداد سے زیادہ ہے۔

جناب مانڈویا نے اس حصولیابی کو، دعوؤں کو نمٹانے کے عمل کو آسان بنانے اور اراکین کی شکایتوں کے ازالے کیلئے EPFO کے ذریعہ متعارف کردہ انقلابی اصلاحات سے منسوب کیا۔ وزیر موصوف نے اس بات کی نشاندہی کی کہ رواں مالی سال میں خودکار طریقے سے نمٹائے گئے دعوؤں کی تعداد دوگنی ہوکر ایک کروڑ 87 لاکھ ہوگئی ہے۔ یہ تعداد پورے سال 2023-24 کے دوران نمٹائے گئے 89 لاکھ 52 ہزار دعوؤں سے زیادہ ہے۔

## COUNTING DELHI ELECTION

دلّی اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی کل ہونے والی گنتی کیلئے تیاریاں کی جارہی ہیں۔ دلّی کی چیف انتخابی افسر

R Alice Waz نے کل کہا کہ ووٹوں کی گنتی کے عمل کو ہموار اور منصفانہ بنانے کیلئے تمام انتظامات کرلئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ EVMs کو کمیشن اور پولیس حکام کی مسلسل نگرانی میں اسٹرانگ رومز میں رکھا گیا ہے۔ ووٹوں کی گنتی کیلئے دلّی 11 ضلعوں میں 19 کاؤنٹنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Priya Mondal

*دلّی کی چیف الیکٹورل افسر نے بتایا کہ کل ہونے والے ووٹوں کی گنتی کیلئے دلّی کے 11 ضلعوں میں 19 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ ووٹوں کی گنتی کیلئے قریب پانچ ہزار کا عملہ تعینات کیا گیا ہے، جن میں نگراں کار، معاونین، مشاہدین، شماریاتی عملہ اور دیگر معاون اہلکار شامل ہیں۔ محترمہ Waz نے کہا کہ 70 اسمبلی حلقوں کے فارم 17-C سمیت انتخابی دستاویزات کی جانچ پڑتال مکمل کرلی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جانچ پڑتال کے دوران انتخابی کمیشن کی جانب سے نامزد کردہ آزادانہ مرکزی مشاہدین، امیدوار اور ان کے ایجنٹ اور ریٹرننگ افسران بھی موجود تھے اور اس پورے عمل کے دوران انہیں کسی بھی امیدوار کی جانب سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی۔ الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کو بھی انتخابی کمیشن اور پولیس افسران کی لگاتار نگرانی میں اسٹرونگ رومز میں رکھا گیا ہے۔ دلّی CEO نے کہا کہ ہر اسمبلی حلقے سے سرسری طور پر چنے گئے پانچ VVPat کی ووٹر پرچیوں کی بھی گنتی کی جائیگی۔*

*دلّی سے پریا مونڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

**RAJNATH-US**

بھارت کے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور امریکی وزیر دفاع Pete Hegseth نے برّی، فضائی، بحری اور خلا سمیت مختلف شعبوں میں بھارت اور امریکہ کے درمیان دفاعی تعاون کا جائزہ لیا۔ فون پر بات چیت کے دوران جناب راجناتھ سنگھ نے امریکی وزیر دفاع کی حیثیت سے عہدہ سنبھالنے پر جناب Hegseth کو مبارکباد دی۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دفاعی شراکت داری کی ستائش کی اور تعلقات کو مزید وسعت دینے کے اپنے عزم کا اظہار کیا۔×

**JAISHANKAR**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے راجیہ سبھا میں امریکہ سے بھارتی شہریوں کو نکالنے کے معاملے پر ایک بیان دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی تارکین وطن کو نکالنے کا عمل عام طور پر بین الاقوامی تعلقات کے اعتبار سے اصولی طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ قانونی موبلیٹی کو بڑھانے کے لیے دنیا کے ملکوں کے اجتماعی مفاد میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دنیا کے ملکوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو اپنے وطن واپس بلائیں، جو دوسرے ملکوں میں غیر

قانونی طور پر رہ رہے ہیں۔×

**JAISHANKAR GREECE**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور یونان کے وزیر خارجہ **George Gerapetritis** نے کل نئی دلّی میں دوطرفہ میٹنگ کی۔ دونوں لیڈروں نے باہمی تعلقات کے تمام پہلوؤں کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔
میٹنگ کے دوران ڈاکٹر جے شنکر نے بھارت-یونان شراکت داری کی اہمیت کو اُجاگر کیا اور کہا کہ بھارت یونان کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں اشتراک کا خواہشمند ہے۔یونان کے وزیر خارجہ **George Gerapetritis** نے کہا کہ بھارت اور یونان کے درمیان باہمی تعلقات میں گزشتہ کچھ سالوں میں، کافی اضافہ ہوا ہے۔ ×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**MEA-BANGLADESH**

بھارت نے، شر پسندوں کی جانب سے بنگلہ دیش میں شیخ مجیب الرحمٰن کی رہائش گاہ پر حملے کی سخت مذمت کی ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے میڈیا کے سوالوں کے جواب میں بتایا کہ شیخ مجیب الرحمٰن جبر اور قبضہ کرنے والی قوتوں کے خلاف بنگلہ دیش کے عوام کی دلیرانا مزاحمت کی ایک علامت ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ سبھی لوگ، جو آزادی کی جدوجہد کی قدر کرتے ہیں، جنہوں نے بنگلہ دیش کے فخر اور شناخت کو پروان چڑھایا ہے، وہ بنگلہ دیش کے قومی شعور کے لیے اُن کی رہائش گاہ کی اہمیت سے باخبر ہیں۔ جناب جیسوال نے کہا کہ شرپسندی کی اس حرکت کی مذمت کی جانی چاہیے۔×

**MHAKUMBH NEW LAWS**

پریاگ راج میں مہا کمبھ میلے میں ایک ڈیجیٹل نمائش لگائی گئی ہے، تاکہ ملک میں فوجداری کے تین نئے قوانین کے بارے میں عوام کو بیدار کیا جا سکے۔ اِن قوانین میں بھارتیہ نیائے سنہتا، بھارتیہ ناگرِک سرکشا سنہتا اور بھارتیہ ساکشیے ادھینیم شامل ہیں۔ اِن نئے قوانین کو پچھلے سال پہلی جولائی کو پورے ملک میں نافذ کیا گیا تھا، جس میں بھارت کے عدالتی نظام میں تاریخی تبدیلی کو پیش کیا جا سکے۔ ایک نیا فریم ورک بھی متعارف کیا گیا ہے تاکہ سائبر جرائم اور منظم جرائم جیسے عصری چیلنجوں سے نمٹا جا سکے اور متاثرین کے لیے انصاف کو یقینی بنایا جا سکے۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ اِن نئے قوانین نے

انڈین پینل کوڈ فوجداری طریقۂ کار کے کوڈ اور بھارتی ثبوت کے قانون کی جگہ لی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C Dipendra**

*مہا کمبھ میلہ نہ صرف اعتقاد کا ایک اجتماع ہے بلکہ عقیدتمندوں کو اُن کے قانونی حقوق کے بارے میں آگاہ کرنا اور انصاف کے لیے ڈیجیٹل ٹولس کے بارے میں بیدار کرنا ہے۔ مرکزی حکومت اور اترپردیش حکومت نے تین نئے قوانین کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے مختلف اسٹال لگائے ہیں۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے اترپردیش پولیس کے ہیڈ آپریٹر اوم پرکاش گپتا نے بتایا کہ وہ آسان زبان میں تین نئے قوانین کے بارے میں عوام کو معلومات فراہم کر رہے ہیں۔ ایک فنکار منّا لال یادو نے بتایا کہ وہ اپنے حقوق اور نکڑ ناٹک کے ذریعے تین نئے قوانین کے بارے میں لوگوں میں بیداری پیدا کر رہے ہیں۔ تین نئے قوانین اس لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں تاکہ بھارت کے انصاف کے نظام کو زیادہ شفاف اور فعال بنایا جا سکے اور جدید معاشرے کی ضرورتوں کے ساتھ ہم آہنگ کیا جا سکے۔*

*دیپندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............*

## KUMBH PAK PILGRIMS

مہاکنبھ کی روحانیت کشش سے متاثر ہوکر پاکستان کے صوبہ سندھ سے تعلق رکھنے والے **68** عقیدت مند کل پریاگ راج پہنچے اور سنگم میں پوتر ڈبکی لگائی۔ اترپردیش کے محکمہ اطلاعات کے مطابق عقیدت مندوں نے گنگا، جمنا اور سرسوتی کے سنگم پر پوتر رسومات انجام دیں اور اپنے آب واجداد کیلئے پرارتھنا کی۔×

## NAGPUR INDUSTRIAL EXPO

ٹرانسپورٹ کے مرکزی وزیر نتن گڈکری اور مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس آج صبح ناگپور میں وِدربھ کی میگا صنعتی نمائش، تجارتی کانکلیو اور سرمایہ کاری چوٹی کانفرنس 'ایڈوانٹیج وِدربھ **2025**' کا افتتاح کریں گے۔ تین دن تک چلنے والی اس صنعتی تقریب کے دوران صنعتی رہنماء، حکومتی محکمے اور **PSUs** شرکت کریں گے۔ اس کے علاوہ مختلف مصنوعات اور صنعتوں سے متعلق **300** سے زیادہ اسٹالز کے ذریعہ صنعتی نمائش منعقد کی جائے گی۔ ان میں سے **100** اسٹالز، بہت چھوٹے اور چھوٹے کاروباریوں، **MSMEs** کیلئے مختص کئے گئے ہیں۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں دور دراز کے مقامات پر گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ ہماچل پردیش اور اڈیشہ کے کچھ مقامات پر آج شدید دھند چھائی رہے گی۔

IMD نے کہا کہ شمال مغربی بھارت میں آج کم از کم درجہ حرارت میں کوئی خاص تبدیلی متوقع نہیں ہے، لیکن خطے میں آئندہ چار دن میں کم از کم درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کی بتدریج کمی آ سکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے یہ بھی بتایا کہ آئندہ 4 سے 5 دن میں شمالی جزیرہ نما اور مشرقی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے پانچ ڈگری سیلسیس تک بڑھ سکتا ہے۔×

**TRUPM SANCTIONS ICC**

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بین الاقوامی فوجداری عدالت، ICC پر پابندیاں عائد کرنے سے متعلق ایگزیکیٹو حکم نامے پر دستخط کئے۔ صدر ٹرمپ نے ICC پر امریکہ اور اس کے کلیدی اتحادی اسرائیل کو غلط اور بے بنیاد کارروائیوں کے ذریعہ نشانہ بنانے کا الزام عائد کیا۔ اس حکم نامے کے ذریعہ امریکی شہریوں اور اس کے اتحادیوں کی ICC تحقیقات میں تعاون کرنے والے لوگوں اور ان کے افراد خاندان پر معاشی اور ویزا کی بندشیں عائد ہوگئی ہیں۔ ایگزیکیٹو حکم نامے کے مطابق، امریکہ یا اسرائیل، ICC کے دائرہ اختیار سے باہر ہیں اور عدالت نے دونوں ممالک کے خلاف اپنی کارروائیوں کے ذریعہ خطرناک نظیر قائم کی ہے۔ ٹرمپ نے یہ قدم اُس وقت اٹھایا ہے، جب اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو واشنگٹن کا دورہ کررہے تھے۔×

**ASIAN WINTER GAMES**

چین کے، Harbin شہر میں آج شام موسمِ سرما کے نویں ایشیائی کھیل کود مقابلے شروع ہو رہے ہیں، جو اس ماہ کی 14 تاریخ تک جاری رہیں گے۔ کھیلوں کی انتظامیہ کمیٹی کے نائب سیکریٹری جنرل اور اعلیٰ ترجمان نے کل بتایا کہ اس سال کے کھیل کود مقابلوں میں ایشیائی ملکوں اور خطّوں کی تاریخی اعتبار سے سب سے زیادہ نمائندگی دیکھنے کو ملے گی اور افتتاحی تقریب کے دوران پورے ایشیاء کے 34 ملکوں اور خطّوں کے نمائندے اس میں شرکت کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ افتتاحی تقریب کیلئے سبھی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ انہوں نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ افتتاحی تقریب تقریباً 80 منٹ تک جاری رہے گی۔

بھارت میں موسم سرما کے کھیلوں کو فروغ دینے کے ایک اہم قدم کے طور پر حکومت نے موسمِ سرما کے ایشیائی کھیلوں میں بھارتی دستے کی شرکت کی اجازت دے دی ہے۔ حکومت نے 88 رکنی بھارتی دستے کی شرکت کو منظوری دے دی ہے۔×

**CRICKET**

مردوں کی کرکٹ میں، بھارت نے ناگپور میں تین میچوں کی سیریز کے پہلے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں انگلینڈ کے خلاف 4 وکٹ سے شاندار جیت حاصل کی۔ اس جیت کے ساتھ بھارت کو تین میچوں کی سیریز میں ایک صفر کی سبقت حاصل ہوگئی ہے۔ بھارت کو جیت کے لیے 249 رن کا نشانہ ملا تھا، جسے اُس نے 38 اوورس اور 4 گیندوں میں 6 وکٹ کے نقصان پر 251 رن بنا کر حاصل کر لیا۔

اس سے پہلے انگلینڈ نے ٹاس جیتنے کے بعد پہلے بلّے بازی کرنے کا فیصلہ کیا اور اُس کے سبھی کھلاڑیوں کو بھارتی گیند بازوں نے 47 اوور اور 4 گیندوں میں 248 رن پر آؤٹ کر دیا۔ اب سیریز کا دوسرا میچ اتوار کو کٹک میں کھیلا جائے گا، جبکہ تیسرا اور آخری بین الاقوامی میچ اس ماہ کی 12 تاریخ کو احمد آباد میں کھیلا جائے گا۔×

**US PLANE CRASH**

امریکی دفاعی محکمے کے تحت کام کرنے والا ایک چھوٹا طیارہ کل جنوبی فلپینز میں گر کر تباہ ہو گیا۔ اس حادثے میں طیارے میں سوار سبھی چار افراد کی موت ہو گئی۔ امریکی، بھارت بحرالکاہل کمانڈ نے کہا کہ یہ حادثہ جنوبی فلپینز میں **Maguindanao** **Del Sur** میں پیش آیا۔

ایک امریکی حکام نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ جائے حادثہ کی تصویروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ **Beech Craft** **King Air 350** ایک چاول کے کھیت میں گر کر تباہ ہو گیا۔ حکام نے کہا کہ حادثے میں ہلاک ہونے والا سروس ممبر امریکی بحری فوج کا سپاہی تھا۔ ابھی اس کی وضاحت نہیں ہوئی ہے کہ باقی تین دفاعی **Contractor** بھی امریکی شہری تھے یا نہیں۔ یہ حادثے ایک روٹین مشن کے دوران پیش آیا اور اس حادثے کی وجوہات کا پتہ لگانے کے لیے تحققات جاری ہے۔×

**VP-IDAS ADDRESS**

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ معاشی احتیاط اور کفایت شعاری کا اثر کام کی کارکردگی پر نہیں پڑنا چاہیۓ۔ انڈین ڈیفنس اکاؤنٹس سروس، **IDAS** کے سال 2022 اور 2023 بیچ کے زیر تربیت افسران سے کل نئی دلّی میں بات کرتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے، اُن پر زور دیا کہ وہ سابق فوجیوں کی پنشن تقسیم کرنے میں کسی طرح کے مسائل نہ کھڑے کریں۔ نائب صدر نے زیر تربیت افسران کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے کریئر میں ہمیشہ مالی دیانت داری کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دنیا کی آبادی کے چھٹے حصے کے ملک بھارت کی خدمت کرنا اپنے آپ میں ایک سعادت ہے۔×

**HARYANA SURAJKUND MELA**

38 واں سورج کُنڈ بین الاقوامی دستکاری میلہ، جو فنون، رنگوں، دستکاری، موسیقی اور ثقافتی ورثے کا ایک منفرد سنگم ہے، آج سے فرید آباد میں شروع ہو رہا ہے۔ سیاحت اور ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شخاوت اس موقع پر مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ اس پروگرام کی صدارت ہریانہ کے وزیر اعلیٰ، نائب سنگھ سینی کریں گے۔ کل اس تقریب کے بارے میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سیاحت اور وراثت کے وزیر ڈاکٹر اروند شرما نے کہا کہ مدھیہ پردیش اور اُڈیشہ اس مہینے میں تھیم ریاستوں کی حیثیتوں سے شرکت کر رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ گزشتہ 10 سال میں سورج کُنڈ میلے کے تیئں کشش میں اضافہ ہوا ہے اور اس میلے میں بہت سے ممالک شرکت کر رہے ہیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ضمیر رضوی

شکریہ - آسیہ میمونہ

دارالحکومت دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے راجیہ سبھا میں وزیر اعظم نریندر مودی کے خطاب کی خبر کو صفحہء اوّل پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے ایوان میں صدر کے خطاب پر شکریہ کی تحریک میں دو روزہ بحث کا جواب دیتے ہوئے جناب مودی کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ حکومت کے لیے نیشن فرسٹ ہے اور بھارت صدیوں سے آزاد تجارت کرنے والا ملک رہا ہے۔

روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے اس بیان پر مبنی ہے۔''غیر ملکوں میں غیر قانونی طور پر مقیم اپنے شہریوں کو واپس لانا ہماری ذمہ داری ہے''۔ روزنامہ ملاپ نے کل راجیہ سبھا میں وزیر مواصلات جیوتر آدتیہ سندھیا کے اس بیان کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔''ہندوستان دنیا میں سب سے سستی ٹیلی کام خدمات فراہم کر رہا ہے، اور ٹیلی کام کمپنیوں نے 5G خدمات کے لیے ساڑھے چار لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے۔'' روزنامہ راشٹریہ سہارا نے روس - یوکرین کے درمیان 300 قیدیوں کے تبادلے کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔ ہندوستان ایکسپریس کی ایک اہم خبر ہے امریکہ میں وفاقی جج نے پیدائشی شہریت کا حق ختم کرنے کے ٹرمپ کے حکم پر عمل درآمد روک دیا۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کی ترقی میں متوسط طبقے کے کردار کی تعریف کی ہے اور کہا ہے کہ اُن کی اُمنگیں ملک کی ترقی کیلئے سب سے مضبوط بنیاد ہیں۔

2- RBI آج مالی سال 2025 کی اپنی چھٹی اور آخری ہر دو ماہ کے بعد ہونے والی مالی پالیسی کے فیصلے کا اعلان کرے گا۔

3- حکومت نے کہا ہے کہ ملازمین کے پروویڈینٹ فنڈ کی تنظیم EPFO نے مالی سال 2024-25 میں 5 کروڑ سے زیادہ دعووں کو نمٹاتے ہوئے ایک اہم سنگِ میل عبور کیا ہے۔

4- بھارت نے، بنگلہ دیش میں شر پسندوں کی جانب سے شیخ مجیب الرحمٰن کی رہائش گاہ پر حملے کی سخت مذمت کی ہے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بین الاقوامی فوجداری عدالت کی جانب سے امریکہ اور اسرائیل کو نشانہ بنانے کا الزام لگاتے ہوئے اس ادارے پر پابندیاں عائد کر دی ہیں۔

6- چین کے شہر Harbin میں آج موسم سرما کے نویں ایشیائی کھیل کود مقابلے شروع ہو رہے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---